## سوال

(239) دعا کے شرائط وآداب

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دعا کی قبولیت میں کون سے امورمانع ہوتے ہیں؟ قبولیت دعا کے اوقات کون سے ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سب سے پہلے تو ہمیں یہ جاننا چاہیے کہ دعا بذات خود عبادت ہے اوراس سے تقرب الٰہی حاصل ہوتا ہے کیونکہ انسان جب اپنے رب سے دعا کرتا ہے تو وہ اپنی عاجزی ودرماندگی اور اللہ رب ذوالجلال کی ذات گرامی کےلیے کمال کا اعتراف کرتا ہے لہذا دعا کے سبب اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی تعظیم بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کی تعظیم کرنا ہی اس کی عبادت ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ ''دعا عبادت ہے'' (١) اورجب دعا عبادت ہے تو اس سے یقینا تقرب الٰہی حاصل ہوگا، لہٰذا جب انسان دعا کرتا ہے تو تقرب الٰہی کے حصول کے ساتھ ساتھ اس کی دعا کو یا تو شرف قبولیت سے نواز کر اس کا مقصود اسے عطا کردیا جاتا ہے یا اس دعا کی برکت سے اس سے کسی شر کو دور کردیا جاتا ہے اور یہ بات اس کے مطلوب ومقصود سے حاصل ہونے والے نفع سے بھی بڑھ کر ہوتی ہے اوریا پھر اس دعا کے اجر وثواب کو اللہ تعالیٰ روزِقیامت کےلیے اپنے ہاں محفوظ کرلیتا ہے۔

بہرحال جو شخص اللہ تعالیٰ سے دعا کرے وہ کسی طرح بھی خسارے میں نہیں رہتا لیکن دعا کی قبولیت کےلیے کچھ شرطیں بلکہ کچھ آداب ہیں۔ ان میں سے ایک تو یہ ہے کہ بوقت دعا انسان یہ اعتقاد رکھے کہ وہ اپنے رب کا محتاج ہے، اللہ تعالیٰ کی مرضی اور مشیت کے بغیر وہ کسی بھی نفع ونقصان کا مالک نہیں ہے اور دوسرا یہ کہ وہ اعتقاد رکھے کہ کمال صرف اللہ تعالیٰ کی ذات گرامی، اس کی رحمت، احسان، فضل اوراس کی قدرت ہی کو حاصل ہے اور تیسرا یہ کہ قبولیت کی امید کے ساتھ دعا کرے، اس طرح دعا نہ کرے کہ اسے شک ہو کہ معلوم نہیں یہ دعا قبول ہوگی یا نہیں بلکہ اس یقین کے ساتھ کرے کہ اس کی یہ دعا یقینا شرف قبولیت حاصل کرے گی اور چوتھا یہ کہ دعا میں حد سے تجاوز نہ کرے، یعنی اللہ تعالیٰ سے کسی ایسی چیز کے بارے میں دعا نہ کرے جو شرعاً جائز نہ ہو۔

آداب دعا میں سے ایک ادب یہ بھی ہے کہ کسی ایسی چیز کے بارے میں دعا نہ کی جائے جو شرعاً حلال نہ ہو مثلاً کسی گناہ کے کام یا قطع رحمی کےلیے دعا نہ کی جائے۔ نیز ایک ادب یہ بھی ہے کہ دعا کرنے والے کا طعام اور لباس حرام نہ ہو کیونکہ مال حرام بھی قبولیت دعا سے مانع ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے:

(اِنَّ اللہَ طَیِّبٌ لَا یَقْبَلُ اِلَّا طَیِّبًا) (صحیح مسلم الزکاة باب قبول الصدقة من الکسب الطیب وتربیتها حدیث: 1015)

''بے شک اللہ کی ذات پاک ہے اور وہ پاک ہی کو قبول کرتا فرماتا ہے۔''

قبولیت دعا کے اوقات میں سے رات کا آخری ثلث یا آخری حصہ اور اذان واقامت کے درمیان کا وقت بطور خاص قابل ذکر ہے۔ قبولیت دعا کے حالات میں سے حالت سجدہ کی خصوصی اہمیت ہے کہ اس حالت میں دعا زیادہ قبول ہوتی ہے جیسا کہ نبیe نے فرمایا ہے:

«أَقْرَبُ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ مِنْ رَبِّهِ، وَهُوَ سَاجِدٌ،» (صحیح مسلم الصلاۃ باب ما یقال فی الرکوع والسجود؟، حدیث: 482)

''بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب حالت سجدہ میں ہوتا ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

# ج4ص190

محدث فتویٰ